تاثرات

۱۹۷۶ء کے سال کو قائد اعظم کے سال سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس سال اخبارات و جرائد نے قائد اعظم کے بارے میں مضامین شائع کیے، رسائل و مجلات نے ان کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا اور مصنفین و اہلِ قلم نے اپنی تحقیقات میں ان کی سیاسی بصیرت و بسالت اور حریتِ وطن کے باب میں ان کی عظمت و عزیمت کے ان گوشوں کی وضاحت کی جو اب تک عام لوگوں کی نظر سے اوجھل تھے۔ ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ بھی "المعارف" کے ان مضامین کی صورت میں اس عظیم شخصیت کے حضور گلدستۂ عقیدت پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

موجودہ حکومت کا یہ بہت بڑا کارنامہ ہے کہ اس نے اس سال کو قائد اعظم کا سال قرار دیا اور بانیٔ پاکستان کی خدماتِ گوناگوں کو خود بھی خراجِ تحسین پیش کیا اور تمام محبانِ وطن دانشوروں کو بھی موقع فراہم کیا کہ وہ قائد اعظم کے بارے میں جو کچھ جانتے ہیں، اس کا کھل کر اظہار کریں۔ نیز اس سلسلے میں متعدد تقریبات کے انعقاد کا بھی اہتمام کیا اور بین الاقوامی اور سفارتی سطح پر خصوصیت سے ان کی عملی زندگی کے متعلق مواد کی نشر و اشاعت کے مواقع مہیا کیے ـــ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس سے اہلِ علم اور اصحابِ قلم کے سامنے قیامِ پاکستان کے اسباب و محرکات پر کام کرنے کی نئی راہیں کھلیں اور ان کے لیے تحقیق و کاوش کے جدید میدان فراہم ہوئے ـــ چنانچہ یہ واقعہ ہے کہ اس موضوع پر جو ٹھوس اور وسیع تر کام اس سال ہوا ہے، وہ اس سے پہلے نہیں ہوا۔

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ نے بھی اپنے محدود ذرائع اور بساط کے مطابق اس اہم خدمتِ علمی میں پورا حصہ لیا ہے۔ چنانچہ "المعارف" کے اس خصوصی شمارے کے علاوہ قائد اعظم اور تحریکِ پاکستان

سے متعلق ادارہ کی طرف سے، انگریزی زبان میں تین اہم کتابیں اشاعت پذیر ہو رہی ہیں، جو یہ ہیں :

۱۔ ماڈرن مسلم انڈیا اینڈ برتھ آف پاکستان ۔
۲۔ پاکستان مومنٹ اینڈ کمالسٹ ریولیشن ۔
۳۔ قائد اعظم کی ہسٹاریکل اور جنرز آف فورٹین پوائنٹس ۔

المعارف کا یہ خصوصی شمارہ ملک کے نامور اہلِ قلم کی اردو اور انگریزی نگارشات کا دلآویز مرقع ہے۔ اس میں قائد اعظم اور تحریکِ پاکستان کے مختلف گوشوں کی نقاب کشائی کی گئی ہے۔ ہم ان تمام حضرات کے تہِ دل سے شکر گزار ہیں جنھوں نے اس کی ترتیب و تسوید میں حصہ لیا اور اپنے افکارِ عالیہ عنایت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی کی۔ یہ ان کی بہت بڑی خدمت ہے جو انھوں نے بانیٔ پاکستان اور مملکتِ پاکستان کی خاطر انجام دی ــ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

یہ خصوصی شمارہ اب معزز قارئین کے پیشِ خدمت ہے۔ ہمیں یقین ہے، وہ اس کے متنوع اور پُر مغز معلومات سے پورا پورا استفادہ کریں گے۔

(محمد اسحاق بھٹی)

اقبال نمبر

آئندہ سال ــ ۱۹۷۷ میں ــ "المعارف" کا **اقبال نمبر** شائع ہوگا، جو علامہ اقبال کے افکار و تصورات کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ایک علمی اور تحقیقی شمارہ ہوگا۔